البلد

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

میں اس شہر یعنی مکے کی قسم کھاتا ہوں۔	۱
اور تم اے نبی ﷺ اسی شہر میں تو رہتے ہو۔	۲
اور سب کے باپ یعنی آدم اور اسکی اولاد کی قسم۔	۳
کہ ہم نے انسان کو محنت ومشقت میں رہنے والا بنایا ہے۔	۴
کیا یہ خیال کرتا ہے کہ اس پر کوئی قابو نہ پائے گا۔	۵
کہتا ہے کہ میں نے بہت سا مال برباد کر دیا۔	۶
کیا اسے یہ گمان ہے کہ اسکو کسی نے دیکھا نہیں۔	۷
بھلا ہم نے اسکو دو آنکھیں نہیں دیں؟	۸
اور زبان اور دو ہونٹ نہیں دیئے۔	۹
یہ چیزیں بھی دیں اور اسکو خیر وشر کے دونوں رستے بھی دکھا دیئے۔	۱۰
مگر یہ گھاٹی پر سے ہو کر نہ گذرا۔	۱۱
اور تم کیا سمجھے کہ گھاٹی کیا؟	۱۲
کسی کی گردن کا چھڑانا۔	۱۳
یا بھوک کے دن میں کھانا کھلانا۔	۱۴

۱۵	کسی رشتہ داریتیم کو۔
۱۶	یا مٹی میں پڑے کسی نادار کو۔
۱۷	پھران لوگوں میں بھی شامل ہوا جو ایمان لائے اور جو صبر کی نصیحت کی اور ایکدوسرے کو مہربانی کی تلقین کرتے رہے۔
۱۸	یہی لوگ اچھے نصیب والے ہیں۔
۱۹	اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو نہ مانا وہی برے نصیب والے ہیں۔
۲۰	یہ لوگ آگ میں بند کر دیئے جائیں گے۔